33613 ـ قرباني ذبح كرنے والے وكيل پرچاند نظر آنے كے بعد سرمنڈانے ميں كوئي حرج نہيں

سوال

جب كوئي شخص مجھے اپنی قربانی ذبح كرنے ميں وكيل بنائے توكيا چاندنظرآنے كےبعد ميرے ليےبال مونڈنے جائز ہيں ؟

پسنديده جواب

الحمد لله.

جی ہاں ایسا کرنا جائز ہے ، اس لیے کہ بال اورناخن کاٹنے کی حرمت توصرف قربانی کرنے والے ساتھ خاص ہے ، اورقربانی کرنے والے وہ ہے جس نے اپنے مال سے قربانی خریدی ہے ، اورجسے ذبح کرنے کا وکیل بنایا جائے اس پراس طرح کی كوئي چیز لازم نہیں آتی ۔

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

وکیلوں پرکچھ نہیں کیونکہ وہ قربانی ذبح کرنے والے نہیں ہیں ، بلکہ قربانی والے تووہ ہیں جنہوں نے انہیں وکیل بنایا ہے یعنی ان کے موکل ۔ اھـ

دیکھیں : فتاوی اسلامیۃ (2 / 316) ۔

واللہ اعلم .